# اوکاڑہ کنٹونمنٹ بورڈ، اوکاڑہ چھاؤنی

## شرائط برائے نیلامی دوکانات اوکاڑہ چھاؤنی

ہر خاص وعام کی اطلاع کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ چھاؤنی اپنے ملکیتی دوکانات کا ماہانہ کرایہ کا نیلام عام دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں مورخہ 8th جون 2022 بوقت 11 بجے دن کر رہا ہے۔ مذکورہ بولی نہ ہونے کی صورت میں بولی دوبارہ مورخہ 9th جون سہ بارہ مورخہ 10th جون 2022 بوقت 11:00 بجے ہوگی۔شرائط اور دوکانوں کی تفصیل درج ذیل ہیں:

| نمبر شمار | جگہ دکانات برائے کرایہ داری حقوق | کورڈ ایریا | تعداد دوکان | ناقابل واپسی سیکیورٹی فی عدد |
|---|---|---|---|---|
| 1 | لیاقت روڈ مارکیٹ دوکان نمبر (33,34,36,37,38) | 308 Sft | 05عدد | 50000/- |
| 2 | لیاقت روڈ مارکیٹ دوکان نمبر 48 | 260 Sft | 01عدد | 50000/- |
| 3 | سی بی آرکیڈ جی ٹی روڈ دکان نمبر 04 | 390 Sft | 01عدد | 50000/- |
| 4 | سی بی بلڈنگ (لائبریری) لیاقت روڈ | 1715 Sft (Covered Area)<br>4845 Sft (Open Area) | 01عدد | 50000/- |
| 5 | سی بی بلڈنگ (جم) لیاقت روڈ | 2230 Sft (Covered Area)<br>2700 Sft (Open Area) | 01عدد | 50000/- |

1۔ ہر بولی دہندہ کو بولی شروع ہونے سے قبل نادرہ شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی اور مبلغ -/10,000 روپے نقد زر بیعانہ جمع کروانا ہوگا۔

2۔ کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والی بولی دہندہ کے علاوہ بولی کے اختتام پر سب کو زر بیعانہ واپس کر دیا جائے گا۔

3۔ حقوق کرایہ داری کی پہلی مدت 5 سال ہوگی۔ جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہوگی۔ کرایہ دار 5 سال مکمل ہونے سے تین ماہ پہلے کرایہ نامہ کی تجدید کے لئے تحریری درخواست دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں جمع کروائے گا اور ہر سال کرایے میں سالانہ 10% اضافہ ہوگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کو چھ ماہ کا کرایہ ایڈوانس جمع کروانا ہوگا۔ ناکامی پر جمع شدہ زر بیعانہ مبلغ -/10,000 روپے بحق کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ چھاؤنی ضبط کر لیا جائے گا۔

5۔ دوکان کا ماہوار کرایہ قبضہ دینے کی تاریخ سے شروع ہوگا۔

5 Cb 195-86 pdf

6۔ کرایہ دار دوکان کو صاف ستھرا اور مناسب حالت میں رکھے گا اور دوکان کے اردگرد و فرنٹ کو بھی صاف ستھرا رکھے گا۔

7۔ دفتر کی اجازت کے بغیر کرایہ دار دوکان کسی دوسرے کو ٹرانسفر نہیں کرے گا اور نہ ہی Sublet کر سکے گا۔

8۔ کرایہ دار دوکان کی تنصیبات یا اس سے متعلقہ کسی بھی چیز کو نہیں ہٹا سکے گا۔ البتہ اگر کرایہ دار دفتر کی اجازت سے کوئی تنصیبات میں اضافہ کرتا ہے وہ کنٹونمنٹ بورڈ کی ملکیت ہوگی اور اس سلسلہ میں کوئی کلیم نہ کر سکے گا۔

9۔ بجلی کا میٹر، ٹیلی فون و بجلی کے پنکھے کرایہ دار خود اپنے خرچہ پر لگائے گا۔ NOC دفتر ھذا جاری کرے گا۔ بل کرایہ دار خود ادا کرے گا۔

10۔ کرایہ دار کنٹونمنٹ بورڈ میں ہر سال کاروباری ٹیکس ادا کر کے لائسنس حاصل کرے گا۔

11۔ کنٹونمنٹ بورڈ کو حق حاصل ہوگا کہ وہ تین ماہ کے نوٹس پر دوکان خالی کروا سکے۔

12۔ کرایہ دار کو یہ حق حاصل نہ ہوگا کہ وہ حقوق کرایہ داری کسی دوسرے فرد یا ادارے کو منتقل کر سکے۔

13۔ کرایہ دار اور کنٹونمنٹ بورڈ کے درمیان جھگڑا ہونے کی صورت میں کیس ڈائریکٹر، ملتان ریجن ملتان کینٹ کو بھجوایا جائے گا۔ ان کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ کوئی بھی فریق فیصلہ کو عدالت میں چیلنج نہ کر سکے گا۔

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

اوکاڑہ چھاؤنی۔